## سبق نمبر۴:۔ نعت

(۱) فرہنگ:۔ کتاب میں دیئے گئے الفاظ کے جملے بنایئے۔

(۲) سوالات۔

سوال نمبر۱:۔شاعر نے حضرت محمد ﷺ کی کچھ صفات کا ذکر کیا ہے۔آپ ان خوبیوں کو اپنے الفاظ میں بیان کریں؟

جواب:۔شاعر نے حضرت محمد ﷺ کی بہت سی صفات کا ذکر کیا ہے۔جیسے حضرت محمد ﷺ تمام عالمین کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔آپ ﷺ غریبوں کی مدد کیا کرتے تھے، اپنوں اور غیروں کے غم میں شریک رہتے تھے،آپ ﷺ غلطیوں کو معاف فرما دیتے تھے۔آپ ﷺ نے عرب قبیلوں کے آپسی جھگڑوں کو ختم کر کے ان کو بھائی بھائی بنا دیا۔

سوال نمبر۲:۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے عربوں میں قسم قسم کی برائیاں تھیں۔شاعر نے کن کن کا برائیوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب:۔اسلام قبول کرنے سے پہلے عربوں میں قسم قسم کی برائیاں تھیں۔عرب قوم سخت جاہل تھی۔اپنی جہالت کی وجہ سے عرب قبائل آپس میں ایک ہی بات پر صدیوں تک لڑائی جھگڑا کرتے رہتے تھے۔

سوال نمبر۳:۔حضرت محمد ﷺ غار حرا میں خدا کی عبادت کرتے تھے۔یہ غار کس جگہ واقع ہے؟

جواب:۔یہ غار مکہ کی ایک پہاڑی پر واقع ہے۔

(۳) لکھیے:

جواب:۔ تشریح:۔

یہ شعر مولانا الطاف حسین حالؔی کی نظم سے لیا گیا ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ کا گھر ضیعفوں اور فقیروں کی جائے پناہ تھی اور آپ ﷺ تیموں اور غلاموں کی مدد کرتے تھے۔

حضرت محمد ﷺ کی بدولت عرب کے لوگوں نے چین کی سانس لی اور معاشرے میں سماجی بُرائیوں کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا جس سے عرب اور عرب کے لوگوں کی حالت بدل گئی۔